# عشق

<"xml encoding="UTF-8?>

عشق

۱سوال: کیا کسی لڑکی کا عاشق ہو جانا حرام ہے؟
جواب: غیر اختیاری امر پر حکم نہیں لگتا، اگر چہ اس کے مقدمات اختیاری ہوتے ہیں اگر وہ حرام ہوں تو ان کا ارتکاب نہیں کرنا چاہئیے۔
۲سوال: کیا اسلام کی نظر میں لڑکے لڑکی کی کسی بھی طرح کی دوستی صحیح نہیں ہے؟ حتی اگر وہ ایسے کام انجام نہ دیں جنہیں اسلام نے منع کیا ہے اور ان کی دوستی بھی شہوانی نہ ہو تو کیا تب بھی اس میں اشکال ہے؟
جواب: اگر گناہ میں پڑنے کا خوف ہو و لو آہستہ آہستہ ہی کیوں نہ ہو تو جایز نہیں ہے، اور اسی طرح مذاق کرنا یا غیر اخلاقی باتوں میں وارد ہونا جایز نہیں ہے۔
۳سوال: تنہایی کی سختی اور شادی کے مقدمات فراہم نہ ہونے کی صورت می کسی لڑکی سے دوستی کرنے کا کیا حکم ہے؟ نیت صاف اور گناہ میں نہ پڑنے کا اطمینان ہونے کی صورت میں کیا حکم ہے؟
جواب: جایز نہیں ہے، ایسے شخص کو شادی کے مقدمات فراہم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔
۴سوال: لڑکوں کے لیے لڑکیوں کو دوست بنانا کیسا ہے؟
جواب: نامحرم سے دوستی و رفاقت رکھنا جایز نہیں ہے۔